۶۰ سال پہلے

انقلاب فرانس سے پہلے تک یورپ کے اکثر و بیشتر ممالک میں رومن چرچ کا مذہبی قانون نافذ تھا، اور اس نے دوسرے ایسے ہی قوانین کے ساتھ مل کر مغربی قوموں کی معاشرت اور ان کے اخلاق کو بہت سی شدید خرابیوں میں مبتلا کر رکھا تھا۔ انقلابی دور میں جب آزاد تنقید اور آزادانہ تفکر کی ہوا چلی تو سب سے پہلے اہلِ فرانس نے اس قانون کے نقائص کو محسوس کیا اور یہ دیکھ کر کہ علمائے دین کسی طرح اس کی اصلاح پر آمادہ نہیں کیے جا سکتے، سرے سے اس کا جُوا ہی اپنے کندھوں سے اتار پھینکا۔

اس طرح مسیحی اقوام کے ایک جمِ غفیر کا اپنے مذہبی قانون سے آزاد ہو جانا براہِ راست نتیجہ ہے اس تنگ نظری، جہل اور تعصب کا جس کی بنا پر مسیحی علما ایک ناقابل عمل، خلاف فطرت اور سخت مضرت رسان قانون کو جبراً محض مذہب کی طاقت سے مسلط رکھنے پر اصرار کر رہے تھے۔ یہ قانون خدا کا بنایا ہوا نہ تھا محض چند انسانوں کے اجتہاد پر مبنی تھا۔ لیکن پادریوں نے اس کو خدائی قانون کی طرح مقدس اور ناقابل ترمیم قرار دیا، انھوں نے اس کی کھلی ہوئی غلطیوں، مضرتوں اور خلاف عقل امور کو دیکھنے اور سمجھنے سے قطعی انکار کر دیا کہ کہیں سینٹ پال اور فلاں اور فلاں ائمہ متقدمین کے نکالے ہوئے مسائل میں غلطی کا امکان ہی فرض کر لینے سے ان کا ایمان سلب نہ ہو جائے۔ حتیٰ کہ انھوں نے خود اپنے دین کے ایک دوسرے فقہی مذہب سے بھی استفادہ کرنے کی مخالفت کی، نہ اس بنا پر کہ مغربی چرچ کا قانون مشرقی چرچ کے قانون سے بہتر ہے، بلکہ صرف اس بنا پر کہ ہم "مغربی چرچ کے متبع ہیں"۔ مذہبی پیشواؤں کے اس طرزِ عمل نے مغربی قوموں کے لیے بجز اس کے کوئی چارکار باقی ہی نہ رکھا کہ وہ ایسے قانون کی بندشوں کو توڑ پھینکیں جس کی غلطیاں اور مضرتیں ظاہر ہو جانے کے باوجود قابل اصلاح نہیں سمجھی جاتیں۔

ایک قانون ازدواج ہی پر کیا موقوف ہے۔ دراصل یہی پادریانہ ذہنیت یورپ کی قوموں کو الحاد و دہریت اور لامذہبی کی طرف دھکیل دھکیل کر لے گئی ہے۔

(سید ابوالاعلیٰ مودودی، جلد ۷، عدد ۳، دسمبر ۱۹۳۵)